رجسٹرڈ نمبر ایل ۸۳۵ THE ALFAZL QADIAN ایل نمبر ۸۳۵

قل ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ و...

دین کی نصرت کے لئے اک آسماں پر شور ہے | عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً | اب گیا وقت خزاں...

از دفتر الفضل قادیان

۵۷
مختار عدالت

الفضل

دنیا میں ایک نبی آیا پر دنیا نے اسکو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اسکی سچائی ظاہر کر دیگا۔ (الہام حضرت مسیح موعود)

مضامین بنام ایڈیٹر

کاروباری امور کے متعلق خط وکتابت بنام مینیجر ہو

ایڈیٹر: غلام نبی ۔ اسسٹنٹ: مہر محمد خاں

نمبر ۸۰ | مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۲۲ء | یوم پنجشنبہ | مطابق ۱۴ شعبان ۱۳۴۰ ہجری | جلد ۹

فہرست مضامین
مدینۃ المسیح ۱
حضور ...
آریہ سماج کو اپنی تنگ دلی کا اعتراف ۶
مکتوبات امام علیہ السلام ۷
گاندھی جی کا زوال
مولوی ثناء اللہ اور تین سو روپیہ انعام ۸
اذا جاء کم کریم قوم فاکرموہ
اشتہارات ۹
خبریں ۱۰-۱۱-۱۲

مدینۃ المسیح

حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ بخیر و عافیت ہیں۔

احمدیہ کانفرنس کے انعقاد کے متعلق انتظام ہو رہا ہے۔ ایجنڈا روانہ ہو چکا ہے۔ اور پروگرام مرتب کر لیا گیا ہے۔ احباب کو چاہیئے۔ ضروری امور کے متعلق پوری واقفیت حاصل کر کے آئیں۔

مرکز سے شائع ہونے والے انگریزی ہفتہ وار اخبار البشریٰ کا ڈیکلریشن داخل ہو چکا ہے اور اُمید ہے کہ ماہ رواں کے آخر میں پہلا پرچہ شایع ہو جائے گا ۔

اخبار احمدیہ

نامۂ صادق

کسی گذشتہ پرچہ میں مفتی محمد صادق صاحب کی وصیت شائع ہو چکی ہے۔ جو انھوں نے بحالتِ بیماری لکھی تھی۔ اسکے بعد حسب ذیل خط حضرت خلیفۃ المسیح کے حضور پہنچا ہے۔ جو احباب کے اطمینان اور تسلی کیلئے شایع کیا جاتا ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مرشدنا و مہدینا حضرت فضل عمر ایدکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ۔ اول سردی زکام بعد سر درد شقیقہ اس سے آشوب چشم اور شدید درد۔ راتوں کا جاگنا۔ پریشانی اور کمزوری اسقدر بڑھ گئی ہے۔ کہ آخری وقت کا سماں دکھائی دینے لگا۔ تین ڈاکٹر فیصلہ نہ کر سکے کہ درد میں کیونکر تخفیف ہو۔ مرض پیچیدہ ہو گیا۔ حضور کو تار دیا گیا۔ وصیت کی گئی۔ اب کسی قدر افاقہ ہے۔ ایک آنکھ کی نظر دھندلی ہے۔ ڈاکٹروں کی رائے یہاں کی شدید سردی کا اثر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

علاج جاری ہے۔ حالت شدت دکھ میں حضور کی فتح و نصرت کے واسطے دعائیں کی گئیں۔ عاجز محمد صادق عفا اللہ عنہ

یہ خط بے دیکھنے لکھا ہے ۔

احمدیہ جماعتوں کے امیر

جس جس جگہ امیر مقرر ہو گئے ہیں وہاں کی انجمن کا پریذیڈنٹ کوئی نہیں ہو سکتا انجمن کی کارروائی زیر صدارت امیر ہی ہوگی۔ عموماً امیر کثرت رائے کا احترام کریگا۔ مگر چونکہ وہ ذمہ دار ہو گا۔ اسلئے اس کا حق ہو گا۔ کہ جس وقت کسی تجویز کو سلسلہ کیلئے مضر یا مخل امن و انتظام دیکھے۔ اپنے اختیار سے اُسے رد کر دے۔ ایسی صورت میں یا تو اسے وہ وجوہ رجسٹر میں لکھنی پڑینگی یا یہ لکھنا ہوگا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ بعض ایسی وجوہ کی بنا پر یہی کثرت رائے کے خلاف فیصلہ کرتا ہوں۔ جن کا ذکر کرنا میں مفاد سلسلہ کے خلاف سمجھتا ہوں تا کہ اگر لوگوں کو امیر کے طرز عمل کے خلاف شکایت ہو تو اس سے خلیفہ وقت یا اس کا قائم مقام وہ وجوہ دریافت کر سکے۔ جلسہ کے وقت عموماً متفقہ رائے حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ یعنی اس طور پر جلسہ کی کارروائی چلانی چاہئے۔ کہ ہر ایک امر اتفاق رائے سے پاس ہو۔ کثرت رائے مجبوری میں ہی دی جانی چاہیئے۔ خاکسار شیر علی ناظر اعلیٰ قادیان بتاریخ ۱۰ رجب ۱۳۴۰ھ

حیدر آباد دکن میں تبلیغی جلسہ

بعد نماز جمعہ مکان انجمن احمدیہ لیکچر ہال میں ایک شاندار تبلیغی جلسہ بتقریب سالگرہ اعلیحضرت حضور نظام (سلمہ اللہ تعالیٰ) منعقد ہوا۔ جس میں جماعت کے قابل لیکچراروں نے مختلف مسائل پر پر جوش تقریریں کیں چونکہ صدہا اشتہارات و مقامی اخبارات کے ذریعہ پبلک کو اطلاع کر دی گئی تھی۔ لہذا کثیر تعداد میں غیر احمدی احباب بھی تشریف لائے۔ ۲ بجے سے ۶ بجے شام تک جلسہ کی کارروائی ہوتی رہی۔ بعد ازاں سامعین کی خدمت میں [illegible] تبلیغی پمفلٹ و ٹریکٹ بھی تقسیم کئے گئے۔ جن کو معزز پبلک نے خوشی سے قبول کیا۔

خاکسار سید بشارت احمد۔ جنرل سکرٹری حیدر آباد دکن

بیعت خلافت

بخدمت جناب حضرت امام خلیفۃ المسیح

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ گذارش ہے۔ کہ نیاز مند کو خدا کے فضل کے ساتھ اور بابو جلال الدین صاحب کی مدد سے توفیق ملی ہے۔ کہ میں پیغامی پارٹی سے نکلکر حضور کے زیر سایہ خلافت کی برکات سے حصہ لوں۔ سو میں خلوص دل سے بیعت خلافت کرتا ہوں۔ میرے لئے دعا فرماویں۔ کہ اللہ تعالیٰ مجھے استقامت بخشے۔

خاکسار عبدالغنی احمدی۔ پسرور ۱۹-۳-۲۲

احمدی ٹھیکیداروں کو اطلاع

احمدیہ سیٹلمنٹ واقعہ چک [illegible] متصل خانیوال ضلع ملتان میں انجن کے لئے کچھ اور سپرنٹنڈنٹ و اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے کوارٹر بنائے جائینگے۔ کام تقریباً بارہ تیرہ ہزار روپیہ کا ہوگا۔ احمدی ٹھیکیداران بہ تصدیق سکرٹری مقامی

جلد درخواستیں دفتر امور عامہ میں بھیجدیں۔ ناظر امور عامہ

اب درخواستیں نہ بھیجیں

محکمہ ہوا گھر کی جن اسامیوں کے لئے الفضل میں اعلان کیا گیا تھا۔ وہ اسامیاں پُر ہو چکی ہیں۔ اب کوئی اور صاحب درخواست نہ بھیجیں۔ ناظر امور عامہ قادیان

تبلیغی دورہ

مولوی ابو عبید اللہ حافظ غلام رسول صاحب وزیر آبادی رمضان سے پہلے ضلع گجرات کے چند دیہات میں دورہ کرتے ہوئے یکم رمضان کو بھیرہ پہنچینگے۔ اور رمضان وہاں گذارینگے جس جس جگہ میں وہ پہنچیں۔ احباب کو ان کی امداد کرنی چاہیئے۔

ناظر تعلیم و تربیت۔ قادیان

جھانسی اور اس کے مضافات کے احمدی

اگر کوئی احمدی بھائی جھانسی شہر اور چھاؤنی یا گردو نواح میں ہو تو مجھ سے ذیل کے پتہ پر ملیں تا کہ جمعہ ادا کرنے اور دیگر تبلیغی امور میں ایک دوسرے کے معاون ہو سکیں۔ اور انجمن احمدیہ قائم کی جائے۔

خاکسار ڈاکٹر عبدالرحمٰن احمدی سب اسسٹنٹ سرجن انڈین سٹیشن ہسپتال۔ جھانسی چھاؤنی۔

ایک دھوکہ باز ہندو

ایک ہندو اور سیر جس کا نام لچھمن داس رنگ گندمی میانہ دُبلا سا قد ہے۔ کچھ عرصہ سے ساتھ بصرہ۔ عراق عرب میں رہا ہے۔ اب وہ مجھ کو لکھنؤ میں اتفاق سے مل گیا۔ اور اس نے اپنا ارادہ اسلام لانے کا ظاہر کیا۔ اور کہا کہ میری چوری ہو گئی ہے۔ اس پر میں نے اسکو کرایہ ریل گاڑی لکھنؤ سے سرہند تک کا دیا۔ اور کچھ اسکا اسباب قرض اتارا قریباً ستر روپیہ تک کا سلوک کیا۔ اس نے کہا میں گھر سے روپیہ لیکر آ جاؤنگا۔ تو قادیان چلینگے۔ بعد کو وہ سکرٹری شاہجہانپور انجمن احمدیہ سید مختار احمد صاحب سے مبلغ نو روپے لے گیا ہے۔ احباب کو چاہیئے۔ کہ اس سے محتاط رہیں۔

خاکسار چودھری کرم الدین بستی دانشمنداں جالندھر شہر

زراعت پیشہ احباب کو اطلاع

باغبانی و زراعت کا پیشہ جاننے والے جن احمدی مزارعان کو غیر احمدی زمینداران کی جانب سے تکلیف ہو وہ

مجھ سے خط و کتابت کریں۔ محمد اعظم احمدی ولد مہر احمد سرگانہ سکنہ باگڑ ڈاکخانہ سرائے سدھو اسٹیشن عبدالحکیم۔ ضلع ملتان۔

غریب فنڈ

میاں عبدالصمد صاحب ٹھیکیدار بانڈہ پورہ نے اپنے فرزند کی نکاح خوانی پر مبلغ ایک روپیہ غریب فنڈ اخبار الفضل میں دیا۔ جزاہ اللہ الخیر۔ عبد الغفار۔ دونہ گام کشمیر

درخواست دُعا

میں نے بعض احباب سے بعض امور کی بابت دعا کیلئے درخواست کی تھی اسلئے اب پھر دعا کیلئے ان سے التجا ہے اور دوسرے اصحاب کے ہمدردی کریں انکا بھی مشکور ہونگا۔ احباب سلسلہ ترک نہ فرمائیں اور آج کل خصوصیت سے نہایت توجہ سے دعا فرمائیں۔

راقم محمد علیخان آف مالیر کوٹلہ۔

طلباء ہائی سکول قادیان کے لئے وظیفہ اور تمغہ

میں نے تعلیم الاسلام ہائی سکول میں ایک وظیفہ مندرجہ ذیل شرائط کے ماتحت دیا ہے:۔ (۱) وہ احمدی لڑکا جس کے چال چلن کے عمدہ ہونے کی نسبت ہیڈ ماسٹر مدرسہ تصدیق کرینگے اور تھرڈ مڈل کے سالانہ امتحان میں مدرسہ میں اول نکلیگا اُسے دو سال کیلئے مبلغ چار روپیہ ماہوار کا میری طرف سے وظیفہ دیا جائیگا (۲) یہ وظیفہ ہر سال ملا کریگا۔ گویا پہلے سال کے بعد ایک ہی وقت میں دو لڑکے مبلغ چار چار روپیہ ماہوار کا وظیفہ لیا کرینگے (۳) وظیفہ کا نام "ملک محمد حسین سکالرشپ" ہو گی۔ اور یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے شروع ہو گا۔ اور تاحیات بندہ جاری رہے گا۔ انشاء اللہ

اس وظیفہ کے علاوہ میں نے ہر سال کیلئے ایک چاندی کا تمغہ دینے کا وعدہ مدرسہ میں بدیں شرائط کیا ہے:۔

(۱) تمغہ بیادگار خلافت ثانیہ دیا جائیگا۔ اور اس کا انگریزی میں نام "خلافت ثانیہ میڈل" ہو گا۔ اور ساتھ ہی اُس پر انگریزی میں یہ لکھا ہوا ہو گا:۔

IN REMAMEBRANCE OF
HIS HOLINESS HAZRAT MAHMOOD
KHALIFA-TUL-MASIH II

(۲) یہ تمغہ ہر سال اس طالب علم کو دیا جائیگا۔ جو ففتھ ہائی کے سالانہ امتحان میں مدرسہ میں اول رہیگا اور فسٹ ڈویژن میں پاس ہو گا۔ (۳) یہ تمغہ بھی ۱۹۲۳ء سے جاری ہو گا اور تاحیات بندہ ملتا رہیگا (۴) ہر تمغہ حتی الامکان حضور خلیفۃ المسیح ثانی کے دست مبارک سے دیا جایا کریگا + میں نے ہیڈ ماسٹر صاحب کو یہ خط لکھ دیا ہے۔ اور انھوں نے میرے عاجزانہ آفر کو منظور کر لیا ہے۔ فقط۔ خاکسار محمد حسین ملک بیرسٹر ایٹ لاء + اس قسم کی آفر مدرسہ احمدیہ کے لئے زیادہ موزون تھی۔ (ایڈیٹر الفضل)

469

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الفضل
قادیان دارالامان - ۱۳ - اپریل ۱۹۲۲ء

حضور پرنس آف ویلز کو دعوت الی الاسلام

حضور پرنس آف ویلز کی تشریف آوری ہند کی تقریب پر حضرت خلیفۃ المسیح ثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنی جماعت کی طرف سے جو تبلیغی تحفہ پیش کیا۔ وہ ایک عظیم الشان کارنامہ ہے۔ کہ جس کی نظیر رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ہی ملتی ہے۔ جبکہ آپ نے سلاطین زمانہ کو تبلیغی خطوط لکھے۔ اور انھیں حق کی دعوت دی حضرت خلیفۃ المسیح ثانی نے اس کتاب میں دیگر مذاہب پر اور خاص کر عیسائیت پر اسلام کی صداقت اور حقانیت نہایت زبردست پیرایہ میں ثابت کرنے کے بعد دنیا کی ایک عظیم الشان سلطنت کے وارث اور ولی عہد کو جس مؤثر پیرایہ میں دعوت اسلام دی ہے۔ وہ کتاب کے اس اقتباس سے ظاہر ہے۔ جو ہم یہاں درج کرتے ہیں۔ اس کو پڑھ کر سمجھدار اور عقلمند انسان غور فرمائیں کہ اس زمانہ میں جبکہ اسلام دشمنوں کے نرغے میں گھرا ہوا ہے۔ ایسی نازک گھڑی میں اگر کسی کو اسلام کا فکر اور اسلام کی اشاعت کا خیال ہے۔ تو اسی غریب اور بیکس جماعت کو ہے جسے حضرت مرزا صاحب نے کھڑا کیا ہے یہ جماعت اپنی دنیاوی کمزوری سے واقف اور اپنی غربت سے آگاہ ہے۔ اور یہ بھی جانتی ہے کہ اس کے پاس اس وقت تک کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔ جو دنیا کی نظروں میں کوئی رعب اور وقعت قائم کر سکتی ہو۔ لیکن باوجود اس کے اشاعت اسلام کی اس کے دل میں تڑپ ہے۔ اس کے افراد دنیا میں پھیل رہے اور اسلام کی دعوت دے رہے ہیں۔ اسکے مبلغ سلطنت برطانیہ کے دارالحکومت میں ڈٹے جمے خدائے واحد کا نام بلند کر رہے ہیں۔ اور اس کے امام نے سلطنت کے چشم و چراغ تک کو اسلام کی دعوت پہنچا دی ہے۔ اور خوب کھول کر پہنچا دی ہے۔ کیا اسلام کی یہ الفت یہ محبت اور یہ لگن ایک ایسی جماعت کے دل میں ہو سکتی ہے۔ جو اسلام کو برباد کرنیوالی ہو۔ کیا یہ جوش دینی اور ولولہ ان لوگوں میں پیدا ہو سکتا ہے۔ جو نعوذ باللہ ایک کاذب اور مفتری الی اللہ کے پیرو ہوں۔ خدارا غور کرو۔ اور سوچو کہ یہ کام یہ حوصلہ اور یہ جوش کسی جھوٹے شخص کے پیروؤں میں اسلام کی خاطر نہیں پیدا ہو سکتا۔ یہ خدا کے بھیجے فرستادہ کی قوت قدسی کا ہی ظہور ہے کہ غریبوں کی جماعت نہ صرف امیروں کو بلکہ بادشاہوں اور شہنشاہوں کو اسلام کی طرف بلا رہی اور حق کا رستہ دکھا رہی ہے۔ اگر یہ اس مقدس انسان کی وجہ سے نہیں جس نے جماعت احمدیہ کو کھڑا کیا تو پھر کیا وجہ ہے کہ دنیا میں لاکھوں نہیں کروڑ ہا مسلمان ہیں۔ نواب اور بادشاہ کہلاتے ہیں۔ لیکن انہیں اسلام کا کبھی انھیں خیال بھی نہیں آیا۔ لاکھوں روپے اپنے عیش و عشرت میں ضائع کرتے ہیں۔ مگر اشاعت اسلام کے لئے ایک کوڑی بھی خرچ نہیں کرتے۔ بیسیوں محکمے اور دفاتر عالی شان عمارتوں میں کھول رکھے ہیں۔ لیکن اسلام کی دعوت دینے والا اور غیر مذاہب کے لوگوں تک اسلام پہنچانے والا۔ ان کے ہاں کوئی صیغہ نہیں ہے یہ شرف تمام روئے زمین پر حضرت احمدیہ جماعت کو ہی حاصل ہے کہ اس کے تمام کاروبار محض اسلام کے لئے ہیں۔

کاش! لوگ اس حقیقت پر غور کریں اور غور و فکر کر کے صحیح نتیجہ پر پہنچنے کی کوشش کریں۔

تحفہ شہزادہ ویلز میں حضرت خلیفۃ المسیح ثانی حضور پرنس آف ویلز کو مخاطب کر کے تحریر فرماتے ہیں:-

"اے شہزادہ بلند بخت! آخر میں ہم آپ کو اس امر کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔ کہ کوئی عزت نہیں۔ مگر وہی جو خدا سے ملے۔ اور کوئی رتبہ نہیں۔ مگر جو خدا تعالیٰ دے۔ اور کوئی سکھ نہیں۔ مگر جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو۔ پس ہم آپ کو اس صداقت کی دعوت دیتے ہیں۔ جو خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کی طرف آج سے تیرہ سو سال پہلے بھیجی اور جس کے قیام اور جس کے پورا کرنے کے لئے اس نے اسوقت مسیح موعود کو نازل کیا ہے۔ بے شک مسیحی اقوام کے لئے یہ نہایت تلخ ہے کہ وہ انیس سو سال تک انتظار کرنے کے بعد مسیح کے ظہور کو دوسرے کسی مذہب کے پیروؤں میں پائیں۔ اور ان کی حیثیت ایک اجنبیت کو اس سے صدمہ پہنچتا ہے۔ مگر مبارک وہی ہے کہ جو خدا کی مرضی کو قبول کرے۔ اور اس کی حکمتوں پر اعتراض نہ کرے۔ اور اپنی عزت اور اپنی غیرت اور اپنی خواہش پر اس کی رضا کو مقدم کرے۔ کیونکہ اسی کے لئے دائمی نجات ہے۔ اور وہی ابدی خوشی کو پائیگا۔ پہلوں نے اپنی غیرت کو خدا کی مرضی پر مقدم کر کے کیا سکھ پایا کہ آئندہ اور لوگ پائینگے۔ یہود نے یوحنا کو ایلیاہ تسلیم کرنا اپنی روایات کے خلاف سمجھا۔ اور اللہ تعالیٰ کے منشاء کو قبول نہ کیا۔ اور وہ آج تک مسیح کے انتظار میں ہیں۔ انتظار کا وقت لمبا ہو گیا۔ مگر آنیوالا ابھی نہیں آتا۔ کیونکہ وہ جو آچکا۔ دوبارہ کیونکر آئے؟ قیامت تک لوگ انتظار کرتے چلے جائینگے۔ اور نہ کوئی ایلیا آسمان سے نازل ہوگا۔ اور نہ کوئی مسیح آئے گا۔ اور وہ اپنی ضد کی وجہ سے آسمان کی بادشاہت سے ہمیشہ کے لئے محروم رہینگے۔ اسی طرح اگر مسیحی ضد کرینگے۔ اور آسمانی نشانوں کو رد کرینگے۔ اور ان سے آنکھیں بند کر لینگے۔ تو ان کے لئے بھی قیامت تک انتظار کرنا ہوگا۔ جو آنے والے تھے۔ آ چکے۔ وہ بھی آگیا جو خدا کے نام پر آنا تھا۔ اور جس نے موسیٰ کی طرح شریعت کا ظاہر با قاعدہ اور وہ بھی آچکا جسے مسیح کا نام پاکر آنا تھا۔ اور روح حق کی تصدیق کرنی تھی۔ اور اس نے مقصد کی اشاعت کرنی تھی۔ اب ان کے بعد نہ کوئی تسلی دہندہ آئیگا۔ اور نہ کوئی مسیح۔ قیامت تک لوگ انتظار کرتے چلے جائیں۔ سوائے انتظار کی تلخی کے انکو کچھ نہ ملیگا۔ آنیوالے نے جیسا کہ لکھا تھا۔ مسیح کا نام پاکر آنا تھا نہ کہ خود مسیح نے۔ اور اس کی بعثت اسی طرح ہونی تھی۔ جس طرح یوحنا بپتسمہ دینے والے کی ایلیاہ کے رنگ میں ہوئی۔

اے شہزادہ عالی قدر! جب کوئی بات دلائل سے ثابت ہو جائے۔ تو شک و شبہ سے اس کو باطل کرنا خود اپنا نقصان کرنا ہوتا ہے۔ لوگ چاہتے ہیں کہ اسلام

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کی شکل کو مسلمانوں کے اعمال یا موجودہ خیالات سے بدنما کر کے دکھائیں۔ لیکن جب قرآن کریم خود موجود ہے جب رسول اسلام کے اپنے منہ کے الفاظ موجود ہیں تو پھر لوگوں کی باتوں کی طرف جانے کی ہمیں کیا ضرورت ہے۔ کیا سورج کی موجودگی میں ہم لوگوں سے اس کے وجود کی تشریح پوچھا کرتے ہیں؟ یا چاند کے ہوتے ہوئے اس کی روشنی کی کیفیت روایت سے ثابت کیا کرتے ہیں۔ قرآن کریم کی تعلیم جیسا کہ میں پہلے مختصراً بیان کر چکا ہوں۔ ایسی ہے۔ کہ کوئی کتاب اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ وہ اپنی خوبی میں سورج کی طرح چمکتی ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں سب تعلیمیں دیوں کی طرح ماند ہو جاتی ہیں۔ نہ اس لئے کہ ان لوگوں نے وہ تعلیمیں اپنی طرف سے بنائی تھیں۔ بلکہ اس لئے کہ وہ یا تو خاص وقتوں کے لئے تھیں یا بعد میں لوگوں نے ان میں اپنے خیالات ملا کر انہیں بگاڑ دیا ہے۔ لیکن قرآن کریم کی تعلیم ہر زمانہ کے لئے ہے۔ اور مکمل ہے۔ اس میں نہ کسی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اور نہ گنجائش ہے۔ اور نہ اس کی تعلیم میں انسان کے ہاتھوں نے کوئی تبدیلی پیدا کی ہے۔

اے شہزادہ بلند اقبال! آپ دیکھیں کہ کس طرح لوگوں نے خدا کے فرشتوں کو بگاڑ دیا ہے وہ نبی جو اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کے جلال کے قیام کے لئے آیا تھا۔ اس کی نسبت کہا جاتا ہے۔ کہ وہ واقع میں خدا کا بیٹا ہونے کا مدعی تھا۔ اور یہ کہ خدا کے ساتھ مسیح اور روح القدس بھی الوہیت کی چادر اوڑھے ہوئے ہیں۔ اس سے زیادہ ظلم اور اندھیر اور کیا ہو سکتا ہے؟ اور اس سے زیادہ نافرمانی اور بغاوت کی کیا مثال ہو سکتی ہے؟ بادشاہ اور اس کی رعایا کو ایک کر دینا اور آقا اور نوکر کو ملا دینا اور خالق اور مخلوق کو برابری کا درجہ دے دینا سب سے بڑا ظلم ہے۔ جس سے بڑھ کر مذہب میں اور کوئی گناہ نہیں ہو سکتا۔ مگر یہ سب کچھ مسیح علیہ السلام کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اور اُسے صداقت سمجھا

جاتا ہے۔

اسی طرح مسئلہ نجات حاصل کرنے کے لئے خدا کے ایک مقرب کو لعنت کی موت مارا جاتا ہے۔ اور اس پر لعنت کا بوجھ لادا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ وہ تین دن رات اسی حالت میں رہا۔ اور اس عقیدہ کو ثابت کرنے کے لئے کہ جب کہ رحم دنیا کے ہر انتظام میں نظر آ رہا ہے۔ رحم سے جواب دیا جاتا ہے۔ اور ایک ادنیٰ انسان سے بھی اس کے اخلاق گرائے جاتے ہیں۔ گویا ہم تو اپنے مجرموں کے گناہ معاف کر سکتے ہیں۔ مگر وہ مالک ہو کر بھی معاف نہیں کر سکتا۔

اسی طرح کہا جاتا ہے کہ خدا کی شریعت لعنت ہے گویا نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور دیگر انبیاء خدا کی لعنتیں لے کر دنیا میں آئے تھے۔ لیکن کوئی نہیں بتاتا کہ خدا کے کلام کا کونسا حصہ لعنت ہے۔ کیا یہ لعنت ہے۔ کہ کہا گیا تھا کہ چوری نہ کر۔ زنا نہ کر اور کسی کو قتل نہ کر؟ یا یہ لعنت ہے کہ کہا گیا تھا کہ جھوٹ نہ بول اور ظلم نہ کر۔ اور دوسروں کے حق نہ مار؟ یا یہ لعنت ہے۔ کہ کہا گیا تھا کہ بد اخلاقی نہ کر اور غیبت نہ کر اور فساد نہ کر۔ یا یہ لعنت ہے۔ جو کہا گیا تھا کہ سچ بول اور لوگوں سے محبت کر۔ اور گنہگاروں کے گناہ معاف کر؟ یا یہ لعنت ہے۔ کہ بنی نوع انسان کی خیر خواہی کر اور خوش خلقی سے پیش آ۔ اور بھوکے کو کھلا اور مسکینوں کو اپنے مال میں شریک کر؟ یا یہ لعنت ہے کہ صداقتوں سے پیار کر اور علوم کو حاصل کر اور ایک خدا کی پرستش کر۔ اور اس کا شریک کسی کو قرار نہ دے؟ یا یہ لعنت ہے کہ ہر ایک ظالم سے مظلوم کے حقوق دلوائے جائیں۔ تا شریر لوگ دوسروں پر ظلم نہ کرتے پھریں۔ آخر وہ کونسا حکم شریعت کا لعنت ہے جس سے مسیح علیہ السلام نے آ کر بچایا؟ کیا پھر خدا تعالیٰ کی عبادات یا بعض احتیاطیں کھانے کے متعلق لعنت ہیں؟ کیا فریسی اور فقیہی لوگ اور پہلے لوگ ان عبادتوں کے کرنے کی وجہ سے یا ان کھانوں سے بچنے کے سبب سے خدا کے مغضوب ہوئے تھے۔ اگر یہ نہیں تو کیا مسیح علیہ السلام نے دنیا کو لعنت سے بچا لیا؟ مسیح علیہ السلام تو خود مانتے ہیں کہ عبادات کے احکام وہ خود بجا لاتے تھے۔ اور کھانے بھی وہ شریعت کے مطابق کھاتے تھے۔ پھر ان احکام کی خلاف ورزی تو انکو جہنم میں جلانے کا باعث نہیں ہو سکتی تھی۔ کیونکہ وہ ان احکام کی خلاف ورزی نہ کرتے تھے۔ بلکہ اخلاقی احکام کی خلاف ورزی کرتے تھے۔ لیکن کیا مسیح علیہ السلام کی آمد سے وہ احکام بھی منسوخ ہو گئے ہیں۔ اگر نہیں تو کونسی لعنت تھی جو مسیح علیہ السلام نے اٹھا لی؟

اصل بات یہی ہے کہ بدل گئے ہیں۔ اور خدا کے احکام سے آزادی حاصل کرنے کیلئے انکو لعنت کہا جاتا ہے اور بیگناہ مسیح کو گناہ میں ملوث کیا جاتا ہے۔ ورنہ خود شریعت کو لعنت قرار دینے والے شریعت کے احکام سے کہیں زیادہ قانون بنا بیٹھے ہیں۔

غرض تعلیم بگڑ گئی۔ اور حالتیں بدل گئیں۔ اسلئے ضرور تھا کہ خدا تعالیٰ کی توحید کو قائم کرنے کیلئے اور لوگوں کو خدا کے احکام پر چلانے کیلئے پھر کوئی ہدایت آتی۔ اور وہ اسلام ہے۔

مگر اے صاحب عزت شہزادہ! ان جھگڑوں میں پڑنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ مسیح علیہ السلام نے سچ اور جھوٹ میں فرق کرنے کیلئے خود ایک معیار مقرر کر دیا ہے۔ اور وہ اب تک انجیل میں لکھا ہوا موجود ہے مگر لوگ آنکھیں رکھتے ہوئے اُسے نہیں دیکھتے۔ اور دل رکھتے ہوئے اسے نہیں سمجھتے۔ اس نشان کے ماتحت اس امر کا آسانی سے فیصلہ ہو سکتا ہے کہ اسوقت خدا تک پہنچانے کا ذریعہ اسلام ہے یا مسیحیت؟

اور وہ معیار یہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"جیسے درخت میں برا پھل نہیں لگتا۔ اور نہ بُرے درخت میں اچھا پھل لگتا۔ پس ہر ایک درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔ اسلئے کہ لوگ کانٹوں سے انجیر نہیں توڑتے۔ اور نہ جھڑبیری سے انگور توڑتے ہیں۔" [illegible]

اور اسی طرح ایمان کے ثمرات کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تمہیں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہوتا تو پہاڑ کو کہتے کہ یہاں سے وہاں چلا جا تو وہ چلا جاتا اور کوئی بات تمہارے لئے ناممکن نہ ہوتی"

پھر دعا کی قبولیت کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"جو کچھ دعا میں ایمان سے مانگو گے سو پاؤ گے" متی باب ۲۱ آیت

پھر فرماتے ہیں کہ

"اگر تم میں سے دو شخص زمین پر کسی بات کے لئے میں کر کے دعا مانگیں میرے باپ کی طرف سے جو آسمان پر ہے ان کے لئے ہو گی" متی باب ۱۸

Digitized by Khilafat Library Rabwah
470

اب اے شہزادہ! اس معیار کے مطابق کون سا مذہب سچا ثابت ہوگا؟ وہ جس نے اس قسم کا انسان پیدا کیا ہے۔ جس کا ہم پہلے ذکر کر آئے ہیں۔ یا وہ جس میں اس کا کچھ بھی نشان نہیں ہے؟ اگر یہ سچ ہے کہ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔ تو اسلام کے اس شیریں پھل کے مقابلہ میں مسیحیت کس پھل کو پیش کرتی ہے؟ اور اگر یہ سچ ہے۔ کہ کانٹوں کو انگور نہیں لگتے۔ تو اسلام اگر جھوٹا ہے تو اسمیں انگور کیونکر لگ گئے؟ اور مسیحیت اپنی موجودہ صورت میں خدا تعالےٰ کی پسندیدہ ہے تو اسمیں کیوں کانٹے ہی کانٹے پیدا ہوتے ہیں؟ کیا آج ساری مسیحی دنیا میں کوئی ایک بھی شخص ہے۔ جو مسیح موعودؑ سے آدھے نہیں سوویں حصہ کے برابر بھی نشان دکھا سکے۔ بلکہ ایک بھی نشان دکھا سکے؟ حضرت مسیحؑ تو فرماتے ہیں کہ اگر ایک رائی کے برابر بھی تم میں ایمان ہو تو تم بڑے کام کر سکتے ہو۔ مگر کیا تمام عالم مسیحیت میں ایک بھی آدمی رائی کے دانہ برابر ایمان نہیں رکھتا؟

اے شہزادہ ویلز! زندہ مذہب اپنی زندگی کے آثار رکھتا ہے۔ اور اسلام کی زندگی کے اثر کو ہم اپنے نفس کے اندر محسوس کرتے ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ تمام نشانات اور تمام قبولیتیں مسیح موعودؑ کے ساتھ ختم ہو گئیں اگر ایسا ہوتا تو ہم اسلام کو بھی مردہ مذہب سمجھتے۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ اسلام کی برکات ہمیشہ کے لئے جاری ہیں۔ اور ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر اب بھی مسیحی دنیا اسلام اور مسیحیت کا اثر دیکھنے کے لئے تیار ہو تو اللہ تعالیٰ اچھے درخت میں اچھے پھل لگا کر دکھا دیگا۔

اور جو اسکا پیارا بیٹا ہے۔ اُسے مچھلی کی جگہ سانپ نہیں دیگا۔ نہ روٹی کی جگہ پتھر۔ بلکہ اس کے لئے کھولیگا اور اس کی دعا کو سنے گا۔ پس اے ہمارے واجب التعظیم بادشاہ کے واجب التعظیم ولیعہد! اگر آپ باوجود ان نشانات اور صداقتوں کے جو اوپر مذکور ہوئیں اب بھی یہ خیال کریں کہ خدا کے تعلق اور محبت کے معلوم کرنے کے لئے اسوقت بھی کسی نشان کی ضرورت ہے۔ تو ہم آپ کی خدمت میں درخواست کرتے ہیں۔ کہ آپ اپنے رسوخ سے کام لیکر پادریوں کو تیار کریں جو اپنے مذہب کی سچائی کے اظہار کے لئے بعض مشکل امور کے لئے دعا مانگیں۔ اور بعض ویسے ہی مشکل امور کے لئے جماعت احمدیہ بھی اللہ تعالےٰ کے حضور التجا کرے۔ مثلاً سخت مریضوں کی شفا کے لئے جن کو بذریعہ قرعہ اندازی کے آپس میں تقسیم کر لیا جائے۔ پھر آپ دیکھیں کہ اللہ تعالےٰ کس کی سنتا ہے۔ اور کس کے منہ پر دروازہ بند کر دیتا ہے؟ اور اگر وہ ایسا نہ کر سکیں اور ہرگز نہ کریں گے۔ کیونکہ ان کے دل محسوس کرتے ہیں۔ کہ خدا کی برکتیں ان سے چھین لی گئی ہیں۔ تو پھر اے شہزادہ! آپ سمجھ لیں کہ خدا نے مسیحیت کو چھوڑ دیا ہے۔ اور اسلام کے ساتھ اپنی رحمتیں مخصوص کر دی ہیں۔

آخر میں اے مکرم شہزادہ! میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ جس محبت سے خدا کی بادشاہت کی خبر ہم نے آپ کو دی ہے۔ اسی محبت سے آپ اس تمام امر پر غور کرینگے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کے حضور میں جیسے ہم ہیں ویسے ہی آپ ہیں۔ اس کی نظروں میں چھوٹے اور بڑے بادشاہ اور رعایا۔ سب برابر ہیں۔ ابدی زندگی کے ہم ہی محتاج نہیں بلکہ آپ بھی اس کے محتاج ہیں۔ اور خدا کی رضا کی ہم ہی کو ضرورت نہیں۔ بلکہ آپ کو بھی ہے۔ دنیا کی بادشاہتیں فانی ہیں اور اس کی عزتیں آنی۔ وہی دائمی خوشی کا وارث ہوتا ہے جو اللہ تعالےٰ کو خوش کرتا ہے۔ ہم نے حق آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اس کا قبول کرنا یا نہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے۔ مگر ہم آپ سے باادب التجا کرتے ہیں۔ کہ آپ اسلام کے متعلق سنی سنائی باتوں پر نہ جائیں۔ اور دشمن کے اقوال پر اپنے خیالات کی بنا نہ رکھیں۔ اسلام ایک پاک اور بے عیب مذہب ہے۔ اور اسکی تعلیم پر چلنے والے ہمیشہ اچھے سے اچھے پھل کھاتے اور خدا تعالیٰ کی عنایتوں اور شفقتوں سے حصہ لیتے رہتے ہیں۔

اس وقت دنیا گناہ سے بھر گئی ہے۔ اور نافرمانی اور بغاوت پھیل گئی ہے۔ اس لئے خدا تعالےٰ کا غضب بھڑک رہا ہے۔ اب وہ دنیا کو اپنا چہرہ دکھانا چاہتا ہے اور اس سے اپنا وجود منوانا چاہتا ہے۔ دنیا نے شرک کے راستہ پر بڑھ بڑھ کر قدم مارا اور انکار پر اصرار کیا۔ اور خدا کے کلام کی ہتک کی۔ اور اس کی ملاقات کے خیال کو دل سے بھلا دیا۔ اور قیامت کو ہنسی ٹھٹھا سمجھا اور مادیت کا زنگ اس کے دل پر لگ گیا۔ اور لوگوں نے خیال کیا کہ اس کے انبیاء محض طبیعی فلسفی یا انسان تھے جنہوں نے لوگوں کو حدود کے اندر رکھنے کے لئے مذہب کی روک بنا دی تھی۔ اور وہ خیال کرنے لگی ہے کہ وہ خدا کو بھی سبق پڑھا سکتی ہے۔ اور اس کے کلام پر بھی حکومت کر سکتی ہے۔

عیاشی بڑھ گئی ہے۔ اور دنیا کی محبت دلوں میں گھر کر گئی ہے۔ ایک عاجز انسان کو خدا تعالےٰ کا شریک قرار دیا جاتا ہے اور اس سزا کو جو مسلمانوں کو اسلام کی طرف سے منہ پھیر لینے کی وجہ سے مل رہی تھی۔ اپنی سچائی کی علامت سمجھا جا رہا ہے۔ اور کروڑوں روپیہ اس لئے خرچ کیا جا رہا ہے کہ تا لوگ ایک خدا کی پرستش چھوڑ دیں۔ خدا تعالیٰ نے ان باتوں پر ایک لمبے عرصہ تک صبر کیا۔ اور جب لوگ نبیوں کے پچھلے کلام سے فائدہ اٹھانے کی طرف متوجہ نہ ہوئے تو اس نے اپنا موعود رسول بھیجا تاکہ اس کی باتوں سے لوگ متاثر ہوں۔ اور اس کے ہاتھ پر نشان پر نشان اور معجزہ پر معجزہ دکھایا۔ اور اس نے کمال تحمل اور ہمدردی کے ساتھ دنیا کو امن کی طرف لانا چاہا۔ اور جب لوگ باز نہ آئے تو پھر تہدید بھی کی اور کہا کہ:-

"اے یورپ تو بھی امن میں نہیں اور اے ایشیا تو بھی محفوظ نہیں۔ اور اے جزائر کے رہنے والو کوئی مصنوعی خدا تمہاری مدد نہیں کرے گا۔ میں شہروں کو گرتے دیکھتا ہوں۔ اور آبادیوں کو ویران پاتا ہوں۔ وہ واحد یگانہ ایک مدت تک خاموش رہا۔ اور اس کی آنکھوں کے سامنے مکروہ کام کئے گئے۔ اور وہ چپ رہا۔ مگر اب وہ ہیبت کے ساتھ اپنا چہرہ دکھلائے گا۔ جس کے کان سننے کے ہوں سنے کہ وہ وقت دور نہیں۔ میں نے کوشش کی کہ خدا کی امان کے نیچے سب کو جمع کروں۔ پر ضرور تھا کہ تقدیر کے نوشتے پورے ہوتے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس ملک کی نوبت بھی قریب آتی جاتی ہے۔ نوح کا زمانہ بھی تمہاری آنکھوں کے سامنے آ جائے گا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور لوطؑ کی زمین کا واقعہ تم بچشم خود دیکھ چکے۔ مگر خدا غضب میں دھیما ہے۔ بتوبہ کردہ تائب پر رحم کیا جائے۔ جو خدا کو چھوڑتا ہے وہ ایک کیڑا ہے۔ نہ کہ آدمی۔ اور جو اس سے نہیں ڈرتا وہ مردہ ہے نہ کہ زندہ۔ مگر لوگوں نے پھر بھی توجہ نہ کی۔ اور فاتح اور غالب اپنی فتح اور غلبہ کے گھمنڈ میں رہے۔ اور مغلوب اور مفتوح اپنی دنیاوی شکووں کا رونا روتے رہے۔ باوجود جگانے کے لوگ نہ جاگے اور باوجود بلانے کے لوگ نہ آئے۔ اور باوجود خدا تعالیٰ کے جلوہ گر ہونے کے لوگوں نے اس کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھا۔ اور باوجود اس کے ہوشیار کرنے کے وہ ہوشیار نہ ہوئے۔

پس اب اس نے ارادہ کیا ہے کہ اگر لوگ اس کے حق کو تسلیم نہ کرینگے۔ اور اس کے دین کو قبول نہ کرینگے۔ اور اس کے ماموروں پر ایمان نہیں لائینگے۔ تو وہ ان پر عذاب پر عذاب نازل کریگا۔ اور ان کو دکھ پر دکھ پہنچائیگا۔ اور اس وقت تک نہیں باز آئیگا جب تک وہ اس کے احکام کو قبول نہ کریں۔ اور اس کی بادشاہت کو تسلیم نہ کریں۔ جبکہ ادنےٰ سے ادنیٰ حاکم پسند نہیں کرتا کہ لوگ اس سے منہ پھیر کر دوسروں کی طرف توجہ کریں۔ تو وہ جو احکم الحاکمین ہے۔ کب برداشت کر سکتا ہے؟ جبتک خدا کا مرسل نہیں آیا تھا لوگوں کیلئے فیصلہ کرنا مشکل تھا۔ مگر اب تو کسی کیلئے کوئی عذر باقی نہیں۔ سورج سر پر آ گیا ہے۔ اور اندھیرا جاتا رہا ہے۔ اور وہ لوگ جو آنکھیں کھولتے ہیں خدا کے جلال کو دیکھتے ہیں۔

کیا لوگ نہیں سوچتے کہ جس کی یاد میں کروڑوں انسان گزر گئے۔ اس کا زمانہ خدا تعالیٰ نے ان کو دیا ہے۔ جو آج سے پہلے مر چکے انہیں سے بہت ہونگے جو خواہش کرتے ہونگے۔ کہ کاش! ہم سے سب کچھ لیا جاتا۔ اور مسیح کا زمانہ ہم کو مل جاتا۔ اور جو آئیندہ آئینگے۔ لیکن دیر کے بعد پیدا ہوں گے وہ بھی خواہش کریں گے۔ کہ کاش! ہم سے سب نعمتیں لے لیجائیں مگر خدا کے مرسل کا قرب پالتے۔

پس اے شہزادہ والا جاہ! اس وقت کو غنیمت سمجھئے اور ان نشانوں پر یقین لائیے جو خدا تعالےٰ نے اس زمانہ میں دکھائے ہیں۔ اور اس کی بادشاہت میں داخل ہو جائیے۔ خدا کی بادشاہت میں داخل ہونا سب بادشاہتوں سے بڑا ہے۔ باقی سب بادشاہتیں چھوڑنی پڑتی ہیں۔ مگر یہ بادشاہت کبھی نہیں چھڑائی جاتی۔ باقی سب بادشاہتوں کے لیئے ضروری ہوتا ہے کہ ایک کے بعد دوسرا وارث ہو لیکن اس بادشاہت کے ایک ہی وقت میں باپ اور بیٹا اور سب جوان و بوڑھے ساتھ شامل ہو سکتے ہیں۔ وارث ہوتے ہیں۔ خدا کی رحمتوں کے دروازے کھل رہے ہیں ان میں داخل ہو جائیے اور اگلی زندگی کے لیئے سامان جمع کر لیجئے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے جسقدر زیادہ نعمتیں دی ہیں اسیقدر اس کے مطالبات بھی آپ سے زیادہ ہیں۔ کیونکہ وہ جس کو زیادہ دیتا ہے اس سے پوچھتا بھی ہے کہ میرے ان احسانات کی تو نے کیا قدر کی؟ پس اللہ تعالےٰ کے احسانات پر نظر کرتے ہوئے اس کی اطاعت میں دوسروں سے زیادہ کوشش کیجئے۔ اور اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہیئے۔ آپ نے دیکھا کہ جنگ کے موقعہ پر آپ کے والد حضور ملک معظم کی آواز پر کس طرح دنیا کے دور کناروں سے لوگ لبیک کہتے ہوئے دوڑ پڑے تھے۔ پس جس طرح آپ کی رعایا نے اپنے بادشاہ کی آواز پر سب کام چھوڑ کر اس آواز کا رخ کر لیا۔ آپ بھی اس بادشاہ کی آواز پر جو ہمارا اور آپ کا دونوں کا بادشاہ ہے۔ دنیا کی سب روکوں کو دور کرکے لبیک کا نعرہ لگاتے ہوئے اس کی طرف دوڑ پڑیں۔ تا جس طرح خدا نے آپ کو دنیا کی نعمتیں دی ہیں دین میں بھی حصہ وافر عطا فرماوے۔

خدا تعالیٰ نے دنیا میں ہدایت کا ایک محل تیار کیا ہے اور ایک بڑی دعوت کا سامان کرکے اپنے بندوں کو بلایا ہے خواہ بادشاہ ہوں یا غیر بادشاہ۔ اور ہم لوگ اس عقیدت کی وجہ سے جو ہمیں آپ کے خاندان سے ہے چاہتے ہیں کہ آپ اس سے محروم نہ رہجائیں۔ اس لیئے اے شہزادہ ویلز! ہم بصد محبت و اخلاص آپ کو اس امر کی اطلاع دیتے ہیں۔ ہم نے آپ کیلئے دروازہ کھول دیا ہے۔ دنیا کی باتوں کی پرواہ نہ کیجئے آگے بڑھیئے۔ اور زمین و آسمان کے بادشاہ پہلوں اور پچھلوں کے بادشاہ اور اس جہان اور دوسرے جہان کے بادشاہ کے بلاوے کو قبول کرتے ہوئے اس کے گھر میں داخل ہو جائیے اور اس کی دعوت سے حصہ لیجئے!!!

اَھْلاً وَّسَھْلاً وَّمَرْحَبًا

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

آریہ سماج کو اپنی تنگدلی کا اعتراف

اخبار "پرکاش" کے ایک اقتباس کی بنا پر ہم نے آریہ سماج کی اس تنگدلی پر اظہار افسوس کیا تھا۔ کہ انہیں اتنا بھی گوارا نہیں۔ کہ کوئی آریہ لیکچرار آریہ سٹیج پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی خوبی کا اعتراف کر سکے۔ اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی لکھا تھا۔ کہ ایسی صورت میں ان مسلمانوں کی غیرت کو کیا ہو گیا ہے۔ جو سوامی دیانند کی تعریف میں بیسیوں چوڑے مضامین آریہ اخباروں میں لکھتے ہیں۔ جبکہ سوامی جی نے اسلام اور رسول کی شان میں نہایت دل آزار اور بازاری الفاظ استعمال کئے ہیں۔

اس کے متعلق پرکاش لکھتا ہے۔

"مسلمان اصحاب الفضل کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے آریہ اخباروں کے رشی نمبروں کے لیئے مضامین لکھیں گے یا نہیں اس کا جواب وقت دیگا"

اگر مسلمان باغیرت ہونگے تو کبھی ایسے شخص کے متعلق جس نے رسول کریمؐ کی ذات والاصفات کے متعلق نہایت گندے فقرات استعمال کئے ہیں۔ تعریفی مضامین لکھنے کے لیئے قلم نہ اٹھائینگے۔ ہمارا کام نصیحت کرنا ہے۔ جو کر دی ہے۔ اگر کوئی اس پر عمل نہیں کریگا۔ تو ہمارا کیا نقصان ہے۔ وہ اپنی مذہبی بے غیرتی کا ثبوت دیگا جبکہ خود پرکاش صاف طور پر کہ رہا ہے۔ کہ

"بے شک کچھ فراخ دل مسلمان سجنوں نے رشی نمبروں میں مضامین لکھے ہیں۔ لیکن ان کی قیمت یہ نہیں ہو سکتی کہ آریہ سماج مندر میں حضرت محمدؐ پر لیکچر ہوں"

آریہ سماج مندر میں رسول کریمؐ پر لیکچر دینے کے لیئے کس نے کہا ہے۔ اور کون آریہ ہے۔ جسے ایسا کرنے پر پرکاش کو روکنے کی ضرورت پیش آئی۔ بات صرف یہ ہے کہ آریوں کو اتنا بھی گوارا نہیں۔ کہ کوئی آریہ لیکچرار دوران لیکچر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی خوبی کا ذکر کرے جس کی وجہ یہ ہے۔ کہ جب بانئ آریہ سماج کو رسول کریمؐ میں کوئی خوبی نظر نہیں آئی۔ تو ان کے کسی چیلے کا کیا حق ہے۔ کہ کوئی خوبی زبان پر لائے۔ اسی لیئے پرکاش اس پر زور دے رہا ہے۔ اور صاف طور پر کہتا ہے۔ کہ مسلمانوں کے سوامی دیانند کی تعریف میں مضامین لکھنے کی وہ یہ قیمت دینے کیلئے تیار نہیں ہے۔ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی خوبی کا کوئی آریہ ذکر کرے یہ آریہ سماج کی تنگ دلی کا صاف اور کھلا اعتراف نہیں۔ تو اور کیا ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مکتوبات امام علیہ السلام

(مرسلہ مولوی رحیم بخش صاحب ایم اے افسر ڈاک حضرت خلیفۃ المسیح)

خدمت اسلام

خدمت اسلام کی تحریک کرتے ہوئے حضور نے ایک دوست کو تحریر فرمایا:۔

یہ زمانہ اسلام کے لئے ایسا پُر آشوب ہے۔ کہ جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہو۔ اور اسے اس بات پر یقین ہو۔ کہ اس نے خدا تعالیٰ کے حضور میں پیش ہونا ہے۔ اور اسلام خدا کا بھیجا ہوا مذہب ہے۔ وہ ہرگز آرام سے زندگی بسر نہیں کر سکتا۔ اور اسے سوائے خدمت اسلام کے اور کسی بات میں مزا نہیں آ سکتا۔ یہ دنیا چندروزہ ہے۔ اور غریب اور امیر سب ہی ایک عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور جاتے ہیں۔ پس اس امر پر تکیہ کرنا اور اگلی زندگی کی طرف توجہ نہ رکھنا یا کم از کم توجہ کرنا سخت خطرناک علامت ہے۔ جس کا علاج ہر ایک انسان کو فوراً کرنا چاہیئے۔

(۱۲ مارچ ۱۹۲۲ء)

موجودہ سیاسی تحریکات اور احمدی

سیاسی تحریکات کے متعلق حضور نے ایک خط میں تحریر فرمایا

آجکل کی تحریکات میں جو لوگ سرگرمی دکھا رہے ہیں ان سے علیحدہ رہنا ہمارا فرض ہے۔ جو تحریکیں بظاہر نیک نظر آ رہی ہیں۔ وہ بھی نیکی کو مدنظر رکھ کر نہیں ہیں۔ بلکہ سرکار کو نقصان پہنچانے کے لئے ہیں۔ شراب پہلے بھی لوگ پیتے تھے۔ کوئی نہ روکتا تھا۔ اب شراب سے صرف اسلئے روکتے ہیں کہ سرکار کی آمد میں کمی ہو۔

ہم شراب کے جس طرح پہلے مخالف تھے۔ اب بھی ہیں۔ لیکن پہلے بھی فرداً فرداً سمجھانے یا تحریر و وعظ کے ذریعہ اس کے نقائص بتلانے سے اس کا اثر کم کرتے تھے۔ اب بھی اسی طرح کرتے ہیں اور اصل بات تو یہ ہے۔ اگر لوگ خدا تعالیٰ کے مامور کو مان لیں۔ تو شراب کا اثر ننانوے فی صدی خود بخود دور ہو جاتا ہے۔ پھر ہم جڑ کو چھوڑ کر شاخ پر کیوں زور دیں۔

۲۱ مارچ ۱۹۲۲ء

تربیت اولاد

اولاد کی تربیت کے متعلق حضور نے ایک دوست کو تحریر فرمایا:۔

"مجھے اس سے خاص دلچسپی ہے۔ اور میں نے اس سوال کا طبعی اور طبی اور اخلاقی طور پر بھی مطالعہ کیا ہے۔ اور اس مطالعہ کے بعد میں علیٰ وجہ البصیرت اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ ہماری شریعت کا حکم اس امر میں بہترین حکم ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ماں باپ اپنے بچوں کی تربیت روحانی کے بھی اسی طرح ذمہ وار ہیں جس طرح کہ ان کی تربیت جسمانی کے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فرماتا ہے۔ قوا انفسکم و اھلیکم نارا۔ اپنے آپ کو بھی اور اپنے اہل و عیال کو بھی دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ اور فرماتا ہے وامر اھلک بالصلوٰۃ واصطبر علیھا اپنے اہل کو نماز کا حکم دے اور اس پر اصرار کر۔

رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیتہ۔ تم میں سے ہر ایک شخص ایک چرواہے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس سے ان لوگوں کی روحانی تربیت کے متعلق سوال کیا جائیگا۔ جو اس کے نیچے رکھے گئے تھے۔ جس طرح کہ مالک اپنے چرواہے سے جانوروں کے متعلق دریافت کرتا ہے کہ اس نے ان کو کس حالت میں رکھا۔ حدیث میں آتا ہے۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کے نواسہ کھانا کھانے لگے۔ تو آپ نے انکو باوجود چھوٹی عمر کے نصیحت کی کہ کل بیمینک مما یلیک دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اور اپنے سامنے کھاؤ۔ اور ایک دفعہ زکوٰۃ کی ایک کھجور آپ کے نواسے نے منہ میں ڈال لی۔ تو آپ نے منہ میں انگلی ڈالکر زور سے کھینچ کر نکال لی۔ اور فرمایا۔ آل محمدؐ پر صدقہ حرام کیا گیا ہے۔ اسی طرح آپ نے فرمایا کہ بچہ کو دینی امور پر کاربند کرنے کے لئے اگر سختی بھی کی جائے۔ تو مناسب ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا واقعہ ہے کہ ایک دفعہ آپ کے چھوٹے بچہ ہمارے چھوٹے مرحوم بھائی نے پانچ چھ برس کی عمر میں قرآن کریم کے متعلق کہدیا تھا کہ اسے پرے ہٹا دو۔ تو آپ نے اسکے اس زور کا تھپڑ مارا کہ اس کے جسم پر نشان پڑ گیا۔ حالانکہ آپ نہایت ہی نرم دل تھے۔ سختی سے کلام کرنا بھی بچوں کیلئے مضر سمجھتے تھے۔

اصل بات یہ ہے کہ جبر اسوقت ہوتا ہے جبکہ مستقل رائے کے خلاف ہو۔ لیکن بچپن کی عمر میں مستقل رائے نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ اثر کی عمر ہوتی ہے جسمیں بچہ دوسرے کے اثر قبول کرتا ہے پس اسوقت ماں باپ کا انکو چھوڑ دینا ایسا ہی ہے جیسے خود کسی درندہ کے آگے ڈالدینا۔ اگر وہ اپنا اثر نہیں ڈالینگے تو دوسرے اپنا اثر ڈالینگے۔ یہ نا ممکن ہے کہ اس عمر میں بچہ کوئی اپنی رائے قائم کرے یا اپنے دل کو خالی رکھ سکے وہ ضرور دوسروں کا اثر قبول کریگا۔ اور اگر اسکے والدین اپنا اثر اسپر نہیں ڈالینگے تو اور لوگ آسانی سے اسپر اپنا اثر ڈال سکینگے۔ پس اگر اس تربیت کا نام جبر بھی رکھ لیا جائے تو بھی والدین کے علیحدہ رہنے سے اس جبر میں تو کوئی کمی نہ آئی۔ صرف یہ فرق ہوا کہ ان کے جبر کی بجائے دوسروں نے جبراً اپنے خیالات ان سے منوائے۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر ایک بچہ یولد علی فطرۃ الاسلام فابواہ یھودانہ و ینصرانہ۔ ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر اسکے ماں باپ اسے یہودی یا نصرانی بنا لیتے ہیں۔ اب ظاہر ہے کہ وہ اسے الگ طور پر یہودی یا نصرانی نہیں بناتے۔ وہ ان کے اثر کو قبول کر لیتا ہے۔ پس اسمیں کوئی شک نہیں کہ انسانی دماغ اس قسم کا بنا ہے۔ کہ بچپن میں دوسروں کے اثرات کے قبول کرنے سے رک نہیں سکتا۔ اور ان اثرات کے قبول کرنے میں اس کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔ پس ضروری ہے کہ اس عمر میں بچوں کو دوسروں کے اثرات کے قبول کرنے سے بچایا جائے۔ اور اسکی صرف یہی صورت ہے۔ کہ انکے خیالات سے انکو متاثر کیا جائے۔ پھر بڑے ہو کر ان خیالات کی غلطی کو اگر وہ محسوس کریں تو بے شک چھوڑ دیں۔ جب ماں باپ بچے کے لئے تمام دنیاوی امور میں اپنی رائے سے جو بات بہتر سمجھتے ہیں اختیار کرتے ہیں۔ تو کیوں دین کے معاملہ میں وہ انھیں دوسروں پر چھوڑ دیں۔ اگر بچوں کے دماغ ہر قسم کے اثرات سے سمجھدار ہونے تک محفوظ رکھے جا سکتے۔ تب بے شک والدین انکو انکی حالت پر چھوڑ سکتے تھے۔ مگر جب یہ بات نہیں۔ بلکہ سوال صرف یہ ہے کہ وہ ان کے خیالات کو قبول کریں یا دوسروں کے۔ تو ایک بات کو مفید اور ضروری سمجھتے ہوئے اس کا بچوں کو پابند نہ کرنا اور دوسروں کے رحم پر ان کو چھوڑ دینا ان پر سخت ظلم ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گاندھی صاحب کا زوال

(ایک غیر احمدی مسلمان اخبار نویس کے قلم سے)

الفضل مطبوعہ ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء میں جو لیڈنگ آرٹیکل بعنوان "زوال گاندھی" شایع ہوا ہے۔ اسے پڑھنے کے بعد مجھے بھی اس مضمون پر کچھ اظہار خیالات کی تحریک ہوئی ہے۔ گاندھی صاحب کا زوال یقینی تھا۔ اور ایک بڑی وجہ یہ ہے۔ کہ آپ جیسے ضدی اور خود سر ہیں۔ اور اپنی خود رائی کے مقابلہ میں نہایت معقول ترین باتوں پر بھی کوئی توجہ نہیں دیتے۔ اور اس طور سے آپ ان سچے محبان ملک اور خیر خواہان وطن کی ان راؤں کی تذلیل کرتے ہیں۔ جن کی نیک نیتی اور ملک و ملت کے ساتھ محبت شک سے بالاتر ہے۔ اور جو ایمانداری کے ساتھ آپ کی تحریک عدم تعاون سے اختلاف رائے رکھتے ہوئے اسے ملک کے بہترین فوائد کے حق میں سم قاتل سمجھتے ہیں۔ آپ نے سول نافرمانی کا التواء بادل نخواستہ منظور کر لیا تھا۔ اور اس کی بندش کا جو فرمان آپنے اپنی گرفتاری کے بعد جاری فرمایا ہے۔ وہ مجبوری کا نتیجہ ہے

مہاتما گاندھی کے زوال کی ایک اور زبردست وجہ یہ ہے کہ آپ کی تحریک میں کئی غیر فطری خواص پائے جاتے ہیں۔ مثلاً سول نافرمانی جو قانون شکنی کے ذریعہ ملک کے امن و امان کے خرمن کو خاک سیاہ کرنیوالی ہے جب ملک سے امن و امان ہی مفقود ہو جائے۔ تو تحریک عدم تعاون کی ہستی باقی نہیں رہ سکتی۔ اور نہ حکومت خود اختیاری کی تحریک جسے بالفاظ دیگر سوراج کہا جاتا ہے قائم رہ سکتی ہے بھلا جو تحریک قانون حکومت وقت اور بڑوں اور بزرگوں کے احترام کی قاطع ہے۔ کیسے بار آور ہو سکتی ہے جبکہ احترام اٹھ گیا تو لازمی نتیجہ بدنظمی بدامنی اور تباہی کی شکل میں ظاہر ہو گا۔ رعایا اور حکومت میں ایک طرف اور خاندانوں کے اندر دوسری جانب تلوار چلیگی۔ اور ملک خون کے دریا میں نہائیگا۔

تیسری زبردست دلیل گاندھی جی کے زوال کی یہ ہے۔ کہ آپ اہل ہند کو اس قدیم زمانہ کی طرف لیجانے کے خواہاں ہیں۔ جبکہ انسان نیم وحشیوں کی سی زندگی بسر کرتے تھے۔ ستر پوشی کے اصول سے واقف نہیں تھے۔ اور تمدن کی زندگی سے قطعی ناآشنا تھے۔ دنیا میں ہر لحظہ ارتقاء کام کرتا رہتا ہے۔ اور مادی۔ تمدنی اور اقتصادی حالت سے انسانوں کی زندگی میں عروج پیدا ہوتا رہتا ہے۔ لیکن گاندھی صاحب فرماتے ہیں۔ کہ لنگوٹی باندھو۔ چرخہ کاتو۔ صرف کھدر استعمال کرو۔ کیونکہ آپ کے خیال میں ان ہی ذرایع سے سوراج حاصل ہو گا۔

گاندھی صاحب کی تعلیم و تلقین اور تبلیغ کا خاصہ یہ ہے کہ تمدنی زندگی کو خیرباد کہدیا جائے۔ اس قسم کی تعلیم عروس کامیابی و شادمانی کی ہم آغوشی ہرگز نہیں کرا سکتی۔

گاندھی صاحب اہنسا پر بہت زور دیتے ہیں کہ اہل ہند کو قول و فعل تو درکنار خیال میں بھی تشدد کو جگہ نہیں دینی چاہیئے۔ گویا آپ انسانوں کو فرشتہ یا فرشتہ صفت بنانا چاہتے ہیں۔ اور وہ بھی ہندوستان کے لوگوں کو جو نہ کسی منضبط زندگی کے رشتہ میں منسلک ہیں اور نہ تعلیم سے بہرہ ور ہیں۔ جب بہت سے انسانوں کو سوائے قرآن پاک کی تعلیم کے دیگر مذاہب کی تعلیم فرشتہ خصلت نہ بنا سکی۔ تو گاندھی صاحب کی تعلیم کیا خاک فرشتہ بنا سکیگی؟

جو لوگ اندھا دھند گاندھی صاحب کی تقلید کرتے ہیں انکی عقل پر ہمیں رونا آتا ہے۔ خصوصاً ان مسلمانوں کی عقل پر جو آپکے مقلد ہیں۔ اور اس پاک تعلیم کو بھولے بیٹھے ہیں کہ لا تفسدوا فی الارض۔ یہ مسلمان بعض اوقات۔ ایسے خیالات کا اظہار کرنے سے بھی نہیں جھجکتے کہ گاندھی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی بہتر ہیں یہ بدترین کفر ہے۔ جو مقلدین گاندھی مسلمانوں میں پھیلا رہے ہیں۔ اور اس قسم کی ہر کوشش کی حوصلہ شکنی۔ تعلیم یافتہ مسلمان کا فرض ہونا چاہیئے۔ کجا رسول مقبول جیسی اشرف المخلوقات ہستی اور کجا مسٹر گاندھی۔ رع

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

گاندھی صاحب کا زوال شروع ہو گیا ہے۔ لیکن ابھی آپ کی ذات کا زوال سمجھنا چاہیئے نہ کہ آپکی خطرناک تعلیم کا زوال جو کروڑوں جاہل نیم معاملہ فہم جوشیلے ناعاقبت اندیش اور بھولے بھالے انسانوں کے دل و دماغ میں جاذب ہو گئی ہے۔ اسلئے ایسا ضروری ہے کہ اس تعلیم کا اثر مٹانے کی کوشش کی جائے۔ اور ہر شخص جسے آپکی تحریک سے اتفاق نہیں ہے۔ وہ اس تحریک کے خلاف تبلیغ کرنے میں دیر نہ لگائے۔

(ایک سوراجی مسلمان)

مولوی ثناء اللہ کو تین سو روپیہ انعام لینے کی ہمت نہیں پڑی

ناظرین الفضل کو معلوم ہے کہ ۲۰ مارچ کے الفضل میں لکھ دیا گیا تھا کہ اگر مولوی ثناء اللہ صاحب تین سو روپیہ انعام لینا چاہتے ہیں تو وہ ۲۴ مارچ تک ہمیں اطلاع دیں۔ کہ میں (ثناء اللہ) اپنا تین سو روپیہ جمع کرانے کے لئے تیار ہوں۔ چونکہ ۲۴ مارچ کی بجائے ۱۰ اپریل تک مولوی ثناء اللہ صاحب نے اپنا تین سو روپیہ جمع نہیں کرایا۔ جو اصل بناء مباحثہ ہے۔ اسلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ اب ہم اپنا پیش کردہ انعام جمع کرانے کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

افسوس ہے کہ مولوی ثناء اللہ صاحب نے بے سوچے سمجھے حضرت مسیح موعود کو واضع حدیث قرار دیا۔ حالانکہ تحفہ گولڑویہ میں جو حوالہ حضور نے دیا تھا۔ اس کے مطابق کنز العمال میں دجال یغتلونا موجود ہے۔ اور صرف دکھا دینا ہمارا فرض تھا۔ جس کے لئے ہم ہر وقت تیار ہیں

(اکمل عفا اللہ عنہ)

اذجاءکم کریم قوم فاکرموہ

حدیث شریف میں لکھا ہے کہ (اذجاءکم کریم قوم فاکرموہ) یعنے جب تمہارے پاس کسی قوم کا کوئی معزز آدمی آوے تو تم بھی اسکی عزت کرو۔ اس حدیث کے موجود ہوتے ہوئے مسلمان اس کے خلاف کرتے ہیں۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ پچھلے دنوں پرنس آف ویلز جو دنیا کے کروڑوں آدمیوں کے نزدیک معزز ہیں۔ ہندوستان میں سیاحت کے لئے تشریف لائے تھے۔ مگر علماء نے فتویٰ دیا کہ شہزادہ کا استقبال کرنا اور تمام اعزازی کاموں میں حصہ لینا شرعاً منع ہے۔ اب ایسے مفتیوں سے گذارش ہے کہ وہ مطلع فرمادیں کہ کیا شہزادہ موصوف دنیا کی کسی قوم میں معزز ہیں یا نہیں؟ اور کیا وہ ہندوستان میں آئے تھے یا نہیں؟ اگر ان دونو کا جواب اثبات میں ہے تو بتادیں کہ انہوں نے شہزادہ موصوف کے اعزازی کاموں میں حصہ لیا تھا یا ان کا بائیکاٹ کیا تھا اگر بائیکاٹ کیا تو مذکورہ بالا حدیث کی کہاں تک تعمیل کیگئی۔

سید محمد اسحٰق۔ قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

472

(اشتہارات)

ہر ایک اشتہار کے مضمون کا ذمہ دار خود مشتہر ہے نہ کہ الفضل (ایڈیٹر)

تفسیر خزینۃ العرفان کا حصہ دوم

دوسرا اور تیسرا پارہ چھپ گیا ہے

مستقل خریداروں کو انشاء اللہ کانفرنس احمدیہ کے بعد بذریعہ وی پی ارسال ہوگا۔ اور دیگر احباب جو ابھی تک اس کے خریدار نہیں بنے فوراً درخواستیں بھیجدیں۔ تاکہ ان کو پہلا اور دوسرا حصہ یکجائی بھیجا جاوے۔ دوسرا حصہ ۲۰۰ صفحہ سے زائد ہوگیا ہے۔ اسلئے اسکی قیمت ۱۱؍ اور پہلے کی عہ ہے۔ مستقل خریداروں کو خط بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

پر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پر معارف تقریریں جسمیں نماز روزہ حج زکوٰۃ اور کلمہ طیبہ کی نہایت لطیف فلاسفی بیان کی گئی ہے۔ اور اپنے دعاوی کے متعلق پوری تبلیغ کی گئی ہے دوبارہ چھپوایا گیا ہے۔ قیمت ۴؍

تحفہ پرنس اردو بمع فوٹو چھپ کر طیار ہے۔ قیمت عہ۔ سلسلہ احمدیہ کی کل کتب ملنے کا پتہ

کتاب گھر قادیان

تجرید بخاری اردو

"صحیح بخاری" اصح الکتب بعد کلام اللہ تسلیم کی جاتی ہے مگر امام بخاری نے شہرت روایت کے ثبوت میں ہر مضمون کی کئی کئی نامکمل و ناتمام حدیثیں بھی درج کردی ہیں پھر عن فلاں و عن فلاں کی ترتیب نے کتاب کو اور بھی طویل کردیا ہے جس سے اختلاف وقت اور پریشانی لازمی ہوجاتی ہے۔ الحمد للہ کہ نویں صدی ہجری میں **علامہ حسین بن مبارک زبیدی** نے بکمال محنت پہلے تو بخاری کی مستند متصل حدیثوں کو یکجا جمع کیا۔ اور پھر ان میں سے بھی ہر مضمون کی صرف ایک ایک ایسی جامع اور حاوی حدیث انتخاب فرمائی کہ پھر کسی دوسری کی ضرورت نہ رہے۔ چنانچہ علمائے عرب و شام نے مصنف کو اس کی سندیں عطا فرمائیں۔ اسی دریا بکوزہ عربی تجرید البخاری (مطبوعہ مصر) کا یہ سلیس اردو ترجمہ ڈمئی کاغذ پر چھاپا گیا ہے جسے دیکھ کر ظاہر بینوں کو حیرت ہوجاتی ہے۔ کہ اتنی بڑی کتاب کا اتنا مختصر انتخاب عاشقان کلام رسول مقبول صلعم کے لئے ایک بہا تحفہ ہے۔ حجم سوا پانچسو صفحے۔ قیمت ۵؍ محصولڈاک ۸؍

دیوان فیضی فیاضیؔ

ملک الشعراء دربار اکبری کا کلام بلاغت نظام جو ایک پرانے نسخے سے بعد تصحیح چھاپا گیا ہے۔ حکمت و تصوف کا دریا جس کے ہر شعر پر وجد ہوجائے۔ حجم سواسو صفحہ مجلد قیمت عہ محصولڈاک ۴؍

ملنے کا پتہ: مولوی **فیروز الدین اینڈ سنز پبلشرز متصل کٹرہ ولی شاہ لاہور**

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چاندی کے خوشنما موتی ۱؍۲

جنکو جناب اکمل صاحب منیجر الفضل نے پسند فرما کر سبک صاف چمکدار گول سچے موتیوں کے مشابہ کنٹھے اور ہار بنانے کیلئے دلفریب لکھا ہے نیز رسالہ رہنمائے تعلیم لاہور کے ایڈیٹر صاحب اپنے ریویو کرتے ہوئے لکھتے ہیں "یہ موتی خالص چاندی کے نہایت ہی خوشنما اور چمکدار ہیں۔ دلفریبی خوشنمائی اور نفاست انمیں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ پائداری چمک اور خوبصورتی میں اصلی موتیوں کو شرماتے ہیں۔ عمدگی نزاکت اور آبداری میں اپنے نظیر آپ ہیں۔ ہار اور کنٹھے بنانے کے لئے ان کے درمیان سوراخ ہیں" اسی طرح چالیس اخبارات نے اپنے اپنے ریویو میں ان کی تعریف لکھی ہے۔ اور موجودہ قیمت کم بتائی ہے قیمت فیدرجن اگر موتی اشتہار کے مطابق نہ ہوں تو واپس کر کے معہ محصولڈاک اپنی قیمت منگالیں۔ الیس اللہ بکاف عبدہٗ لکھا ہوا چاندی ۵؍ کے ٹکٹ بھیجکر کہ معظمہ و مدینہ منورہ کے فوٹو والی انگوٹھی ۹؍ کے اور صرف ۲ ورق پر پورا لکھا ہوا قرآن شریف ۱؍ بھیجکر منگاؤ۔

منیجر کارخانہ سودیشی موتی۔ پانی پت حلقہ نمبر ۳

بعدالت چوہدری جلال الدین صاحب نائب تحصیلدار اونہ

استشہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی

تحصیل اونہ ضلع ہوشیارپور

۵۲

دیوی سرن۔ پرمانند۔ برجی لال۔ شمبو رام۔ پربھو رام پسران ماما اقوام برہمن سکنہ دہوسارہ تھانہ اونہ

بنام

بھانا ولد لابھا۔ کریا ولد ٹھاکریا ذات باہتی سکنہ لگا دلہ تھانہ اونہ تحصیل اونہ

دعویٰ للعہ ۱؍۱۲ بابت

بنام بھانا ولد لابھا۔ کریا ولد ٹھاکریا ذات باہتی سکنہ لگادلہ تھانہ اونہ

ہرگاہ مدعا علیہ تعمیل سمن دیدہ و دانستہ مقدمہ کو طول دینے کی غرض سے گریز کرتے ہیں۔ اس لئے اشتہار زیر آرڈر ۵ ضابطہ ۲۰ ضابطہ دیوانی بنام ہر دو مدعا علیہ جاری کیا جاتا ہے کہ بتاریخ ۲۴؍۴؍۲۲ حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ کرو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی

(مہر عدالت)

پیٹ کی جھاڑو

یہ نسخہ حضرت مسیح موعودؑ کا بتایا ہوا جو امراض شکم کیواسطے بیحد مفید ہے آپنے فرمایا یہ پیٹ کی جھاڑو ہے۔ میرے والد صاحب نے ستر برس کی عمر تک استعمال کیا ہے۔ جس سے ثابت ہوا ہے کہ قبض اور پیٹ کی صفائی کیلئے مفید ہے بلکہ مینے مرض انفلوانزا میں جس مریض کو استعمال کرایا۔ شفایاب ہوا۔ اس لئے کم از کم یکصد گولیاں احباب کے پاس ہونی چاہئیں۔ جو ایسے موقعوں پر کام آدیں صرف ایک شب کو سوتے وقت کھانے سے قبض وغیرہ کی شکایت رفع ہوتی ہے۔ قیمت گولیاں فی سیکڑہ معہ محصولڈاک عہ ر

المشتہر

سید عبداللہ عزیز ہوٹل قادیان پنجاب

انجینئرنگ سکول لدھیانہ سے پشاور میں ۱؍۲

بوجوہات چند در چند جنوری ۲۲ء سے یہ سکول باجازت جناب چیف کمشنر صاحب بہادر صوبہ سرحدی۔ لدھیانہ سے پشاور میں منتقل کردیا گیا ہے۔ جناب ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر نے سکول کیلئے سابقہ کوتوالی بلڈنگ کا کل بالائی حصہ منظور فرمایا اور جناب ڈائرکٹر صاحب بہادر سررشتہ تعلیم نے پشاور میں اس سکول کے مفید ثابت ہونے پر لوکل گورنمنٹ کی سرپرستی کا وعدہ فرمایا۔ اور اپریل ۲۲ء سے کسی پٹھان طالب علم کیلئے وظیفہ بھی منظور فرمایا سکول کی حیرت انگیز ترقی کا اندازہ طازم شدہ طلبا کی فہرست اور انجینئرنگ صاحبان کے سرٹیفکیٹ جات سے ہو سکتا ہے۔ پرنسپل مسٹر محمد سکندر خانصاحب سول انجینئر ہیں۔ جو بیس سال تک انجینئرنگ کالج حیدرآباد دکن میں پرنسپل رہ چکے ہیں۔ انٹرنس تک کی تعلیم کے طلباء اوورسیر کلاس میں اور مڈل تک کی تعلیم کے طلباء سب اوورسیر کلاس میں داخل ہو سکتے ہیں۔ مفصل حالات معہ نقول سرٹیفکیٹ کے لئے ایک کارڈ آنا چاہئے۔

المشتہر

منیجر انجینئرنگ سکول پشاور

باجلاس شیخ محمد حسین صاحب منصف درجہ اول مقام نارووال

استشہار زیر آرڈر ۵ رول ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی

بھاگ ولد بیلا قوم عیسائی ساکن کیسووالے تحصیل ظفروال ضلع سیالکوٹ مدعی

بنام

جمال ولد منہدا قوم عیسائی ساکن لورائی تحصیل ظفروال ضلع سیالکوٹ مدعا علیہ

دعوےٰ مالغہ ۱۸۰؍ پروی تمسک

جمال ولد منہدا قوم عیسائی ساکن لورائی تحصیل ظفروال ضلع سیالکوٹ

مقدمہ بالا میں بیان حلفی مدعی سے پایا جاتا ہے کہ تم دانستہ تعمیل سمن سے گریز کرتے ہو۔ اس لئے تمہارے نام اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ ۲۴؍۵ کو حاضر عدالت ہذا ہو کر پیروی مقدمہ کرو ورنہ تمہارے برخلاف کارروائی یکطرفہ کی جاویگی۔ آج بتاریخ ۶ ماہ اپریل ۲۲ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

(مہر عدالت)

رشتہ کی ضرورت

مجھے اپنے ایک عزیز کے لئے رشتہ کی ضرورت ہے جو خدا کے فضل سے قوم کا سید۔ جوان خوش شکل محنتی۔ برسر روزگار۔ ریلوے ورکشاپ لاہور میں ملازم اور فی الحال چالیس روپیہ کے قریب ماہوار آمدنی رکھتا ہے۔

جو احمدی بھائی قادیان میں رشتہ کرنے کے خواہشمند ہوں۔ وہ خاکسار سے خط و کتابت کریں۔ لڑکی دیندار۔ صالح۔ خوش شکل اور ہندوستانی ہو

خاکسار سید عزیز الرحمن مہاجر از قادیان پنجاب

قادیان میں ۵ مرلہ زمین ملتی ہے

قادیان کے پختہ بازار کے سر پر بجانب شمال مغرب ہندوؤں کی مشین والے مکان کی پشت پر شرقی جانب ایک زمین ۵ مرلہ فروختنی ہے۔ موقعہ خوب ہے۔ جو صاحب سب سے پہلے روپیہ بھیجیں گے۔ ان کو نوسو روپیہ میں دیدی جائیگی۔ خط و کتابت

معرفت قاضی اکمل۔ منشی سراج الدین بریلوی قادیان ضلع گورداسپور

تشحیذ الاذہان کے گذشتہ فائل: جنمیں غیر مبائعین۔ آریہ۔ عیسائی۔ غیر احمدیوں کے بابت نہایت مکمل ذخیرہ ہے ۱۹۱۰ء سے لیکر ۱۹۲۱ء تک ۸ سال کے فائلوں کی قیمت للعہ ۵ مباحثہ سرگودہا ۲؍ مباحثہ بمبئی ۱؍ نزول المسیح ۲؍ مہتمم بکڈپو تالیف و اشاعت قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہندوستان کی خبریں

دیولالی کیمپ میں گورہ افواج کا اجتماع بند شملہ ۷ر اپریل۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ دیولالی کیمپ میں جو برطانی افواج کا اجتماع ہو رہا تھا۔ وہ ۳۰ر اپریل سے بند کر دیا گیا ہے اب ۱۱ر اپریل سے کوئی گورہ سپاہی اس کیمپ میں نہیں بھیجا جائیگا۔

گورنر بہار کے تقرر میں التوا کلکتہ ۔ ۷ر اپریل۔ بہار اور اڑلیسہ کے نئے گورنر سر ہنری ویلر آج پٹنہ کو روانہ ہونے والے تھے۔ مگر ان کی روانگی ملتوی ہو گئی ہے پٹنہ کا ایک پیام مظہر ہے کہ تاخیر کی وجہ یہ ہو رہی ہے کہ ہز میجسٹی کا دستخطی حکم نامہ متعلقہ تقرر ابھی تک موصول نہیں ہوا۔

حادثہ پنجاب میل کی تحقیقات کلکتہ ۔ ۷ر اپریل۔ حادثہ پنجاب میل کی مشترکہ تحقیقات مادھوپور میں شروع ہو گی۔

گوردوارہ بل پر بحث گورنمنٹ نے حسب ذیل تازہ ترین اعلان شائع کیا ہے۔ ۵ر تاریخ کو پنجاب کی قانونی کونسل کی عمارت میں کونسل کے ممبروں وزیروں اور سکھ ممبروں کا ایک جلسہ ہوا۔ جس میں جدید گوردوارہ بل کے متعلق بحث و مباحثہ ہوا۔ اس سلسلہ میں ایک جلسہ اور بھی منعقد کیا جائیگا۔

بائیکاٹ کی مخالفت کا قانون پاس ہو گیا رنگون ۔ ۷ر اپریل۔ ایسوشی ایٹڈ پریس کا ایک تار مظہر ہے کہ لیجس لیٹو کونسل برمانے بائیکاٹ کی مخالفت والے مسودہ کو پاس کر دیا۔

مسٹر حسن امام کا استعفٰے پٹنہ ۔ ۶ر اپریل۔ مسٹر حسن امام نے لیجس لیٹو کونسل بہار و اڑلیسہ کی ممبری سے استعفےٰ دیدیا۔

روسی بینک نوٹوں کے متعلق بندش حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ برطانوی ہند سے روسی روبل نوٹوں کی برآمد بند کر دی گئی ہے۔

اجناس کی برآمد پر پابندی حکومت ہند نے جریدہ سرکاری میں اعلان کیا ہے کہ باجرا۔ جو۔ چنی۔ جوار۔ مسور۔ دالیں۔ گیہوں۔ اور ان چیزوں کا آٹا مندرجہ ذیل ممالک کے سوا اور کہیں برآمد نہ کیا جائے۔ خلیج فارس کی بندرگاہیں رنگون۔ جدہ۔ ماریشش۔ مکران کا ساحل۔ مشرقی افریقہ۔ سچلیز۔ پرتگال مقبوضات ہند۔ شہر اور کلاسٹریٹ سٹلیمنٹ۔ اور بھوان۔ سیام۔ پریم۔ ہانگ کانگ۔ جنوبی افریقہ۔ آسٹریلیا۔ نیوزیلینڈ۔ جزائر فجی۔ برطانوی جزائر غرب الہند اور برطانی گیانا۔

ایک جلیل القدر منصب پر ہندوستانی ممبر کا تقرر مدراس ۔ ۷ر اپریل۔ لارڈ ویلنگٹن نے سر لائنل ڈیوڈسن کے اگزکٹو کونسل سے ریٹائر ہو جانے پر قانون اور امن (جس میں دیوانی فوجداری اور پولیس کی عدالتیں شامل ہیں) کے مناصب تمام و کمال مسٹر کے سری نواس آئنگر قانونی ممبر کے تفویض کر دئے ہیں۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ قانون اور امن کے عہدہ ہائے جلیلہ پر ایک ہندوستانی ممبر کو نامزد کیا گیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس سے مقصود یہ ہے کہ صوبہ میں جس قدر جلد ممکن ہو سکے۔ حکومت خود اختیاری نافذ ہو جائے۔

مالی مسائل پر کانفرنس مدراس ۔ ۷ر اپریل۔ حکومت مدراس کے ممبر مالیات سر سی ٹاڈ ہنٹر اگلے ہفتہ کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے شملہ جا رہے ہیں۔ جو ۱۸ر اپریل کو مالی مسائل پر بحث و تمحیص کرنے کے لئے منعقد ہو گی۔

گورنر بہار و اڑلیسہ پٹنہ ۔ ۸ر اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ ہز میجسٹی نے سر ہنری ویلر کے تقرر کے حکم نامہ پر دستخط کر دئے ہیں۔ سر ہنری ویلر ۱۲ر تاریخ کو یہاں پہونچیں گے۔ اور صبح ۸ بجے گورنری کا چارج لینگے۔

بمبئی بنک کو فریب دہی کا مقدمہ بمبئی ۔ ۸ر اپریل۔ بمبئی بنک کو فریب دہی کے مقدمہ میں کے این بنرجی ملزم کے خلاف دوسرے مقدمہ کی سماعت

جج اور جیوری نے ختم کر دی ہے۔ جیوری نے ملزم کو مجرم قرار دیا۔ مگر ساتھ ہی ملزم کے لئے رحم کی سفارش کی۔ مجرم کو دو سال قید سخت کی سزا دی گئی ہے۔

پنڈت مالویہ اور سوراج الہ آباد ۔ ۸ر اپریل۔ پنڈت مدن موہن مالویہ نے آج شام ایک عظیم الشان پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا۔ کہ سوراج جس کے متعلق ملک کو کام کرنا چاہئے۔ نو آبادیات کا طرز حکومت ہے۔ آپ نے ہندوستانیوں کو فوجی تعلیم دئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اور کہا کہ ایسی تعلیم کا انتظام قابل ہندوستانیوں کے ہاتھ میں دیا جانا چاہئے۔ آپ نے حاضرین کو نصیحت کی کہ حصول سوراج کے لئے خواہ کوئی ذریعہ اختیار کیا جائے۔ مگر وہ جائز اور پرامن ہونا چاہئے۔

مسٹر وچے رگھو اچاریہ پر پولیس کا پہرہ اخبار ہند لکھتا ہے۔ کہ مسٹر وجے رگھو اچاریہ پر گورنمنٹ نے سی۔ آئی۔ ڈی کا پہرہ لگا دیا ہے۔ ان کی زبان بندی بھی ہو چکی ہے۔

حادثہ پنجاب میل کے ملزم کے لئے انعام پٹنہ سے پنجاب میل کے لائن سے اتر جانے کے جو حالات موصول ہوئے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ لائن اس مقام سے توڑی گئی تھی۔ جہاں دو لائنیں ایک دوسرے پر سے گذرتی ہیں۔ سر ولیم ونسنٹ ڈون ٹرین میں سفر کر رہے تھے۔ مسٹر ہیویلینڈ کل موقعہ واردات تک گئے لائن کا معائنہ کیا۔ اور ضروری حفاظت اور تفتیش کے لئے احکامات دئے۔ خیال ہے۔ کہ جو شخص مجرموں کا پتہ بتائے گا۔ اس کو پانچ ہزار روپیہ انعام دیا جائیگا۔

امریکہ میں ہندوستانی گریجوایٹوں کیلئے وظیفے الہ آباد ۔ ۷ر اپریل۔ پاؤنیر کو معلوم ہوا ہے مسٹر راک فیلر کی جائداد کے کارکنوں نے پانچ ہندوستانی میڈیکل گریجوایٹوں کے لئے وظیفے پیش کئے ہیں۔ تاکہ وہ امریکہ میں تعلیم کی تکمیل کر سکیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

غیر ممالک کی خبریں

اناطولیہ جنگ سے چور چور ہو گیا

لنڈن - ۵ راپریل - قسطنطنیہ کا ایک برقی پیام مظہر ہے کہ ٹرکی کے معتبر حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے - کہ اناطولیہ کے باشندے جنگ سے تھک کر چور ہو گئے ہیں - وہاں کے لوگ یورپ کے ملکی مسائل کی کچھ پرواہ نہیں کرتے - اور اگر اناطولیہ کی سیادت کا یقین دلایا گیا - تو وہ حکومت انگورہ کو اس امر کی اجازت نہیں دینگے - کہ وہ اتحادیوں کی تجاویز صلح کو مسترد کرے - اتحادیوں کے ہائی کمشنروں نے بالعجالی اور حکومت انگورہ کے نمایندوں کو ایک یادداشت دی ہے - جس میں پیرس کی کانفرنس کی تجاویز درج ہیں - اور اس کے ساتھ ایک مراسلہ بھی ہے - جس میں لکھا ہے کہ ۵ راپریل ان تین ہفتوں کی ابتدائی تاریخ ہے - جن کے دوران میں تجاویز صلح پر غور و خوض کرنے کے لئے نمایندے بھیجے جائینگے -

ہندوستان میں افیون کی کتنی کاشت ہوتی ہے

لنڈن - ۶ راپریل - ویسٹ منسٹر کے ایک جلسہ میں سر ولیم کالنز نے تقریر کرتے ہوئے کہا - کہ برطانیہ میں خطرناک ادویہ کا جیسا قانون نافذ ہے - اسی قسم کا قانون ہندوستان میں نافذ ہونا چاہیئے - جہاں ایک لاکھ پچاس ہزار ایکڑ اراضی میں افیون کاشت کی جاتی ہے - سر جان جارڈن نے کہا - کہ ایسا کرنے میں بھی مشکلات ہیں - مثلاً ایک یہ کہ گورنمنٹ ہند کو افیون سے کافی آمدنی ہوتی ہے -

افغانی وزیر اطالیہ میں

روما - ۵ راپریل - شاہ اطالیہ نے غیر معمولی سفیر انگلستان کو باریاب کیا جس نے امیر افغانستان کے تحائف و مراسلات پیش کئے - بادشاہ نے جدید افغان وزیر کو بھی باریاب [illegible] نے اپنی اسناد وغیرہ پیش کیں -

[illegible] میں برطانوی فوج کی تعداد

لنڈن - ۵ راپریل - لارڈ گورین نے دیوان خاص میں ایک سوال کے جواب میں بیان کیا - کہ ۳ر مارچ کو قسطنطنیہ کی قلعہ گیر فوج ۸۰۰۰ گوروں اور ۳۰۰۰ ہندوستانیوں پر مشتمل تھی - انہوں نے امید ظاہر کی کہ اگر حالات اصلاح پذیر ہو گئے - تو جلد اس فوج میں تخفیف کر دیجائیگی -

ترکی پناہ گزینوں کی امداد کے لئے اپیل

لنڈن - ۵ راپریل - لارڈ میئر ۲۰ ہزار فاقہ زدہ مسلمان پناہ گزینان قسطنطنیہ کی امداد کے لئے اپیل کر رہے ہیں -

امریکہ میں ایک روسی جرنیل کی گرفتاری

نیو یارک ۶ - اپریل - جنرل سیمینوف کو جبکہ وہ واشنگٹن سے واپس آ رہا تھا - ۱۹۱۹ء میں ایک کمپنی کے پونے چار لاکھ ڈالر کی قیمت کی اشیاء چرانے کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا - اور وہ بمشکل ۲۵ ہزار ڈالر کی ضمانت پیش کر سکا - اس لئے جواب دیتے ہوئے کہا کہ جس وقت کا یہ واقعہ ہے اس وقت روس میں ہر طرف عالم فتنہ و فساد بپا تھا -

کوہ وسوویس کی آتش فشانی

اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وسوویس کوہ آتش فشاں سے لاوا نکلا ہے -

آئرلینڈ کی شورش

لنڈن - ۶ راپریل - آئرلینڈ سے اضطراب انگیز خبریں آ رہی ہیں - جن سے معلوم ہوتا ہے کہ معاملہ بد سے بدتر ہوتا جا رہا ہے - جمہوریت پسند فوج کے آگے عارضی حکومت کی پیش نہیں چلتی - اور وہ آئندہ انتخابات میں اظہار رائے کو روک رہی ہے - مسٹر کانز کی حالت نہایت مخدوش ہے -

عین اسوقت جبکہ دارالعوام کے نمایندوں کا ایک وفد مسٹر چیمبرلین پر زور ڈال رہا تھا - کہ آئرلینڈ کے کانسٹبلوں کی حفاظت کی جائے - ایک پیغامبر کمرے میں ایک تار لئے داخل ہوا - جس نے اطلاع دی کہ دو سپاہی قتل کر دئے گئے ہیں -

جنیوا کی کانفرنس

جنیوا - ۶ راپریل - روسی وفد یہاں پہنچ گیا ہے - جو چھپن ارکان پر مشتمل ہے - اس کی حفاظت کے لئے دوران سفر میں نہایت حزم و احتیاط سے کام لیا گیا - جب ارکان وفد موٹروں میں ہوٹل کی جانب روانہ ہوئے تو ان کے آگے پیچھے فوج کے آدمی بائیسکلوں پر سوار جا رہے تھے -

مسٹر لائڈ جارج - سر ایل ورتھنگٹن ایونز اور سر رابرٹ ہارن وغیرہ جنیوا کو روانہ ہو گئے ہیں - وزیر اعظم پیرس میں موسیو پوئنکارے کے ساتھ گفت و شنید کریں گے -

جنیوا کی کانفرنس کے موقع پر موسیو پوئنکارے نے چار فرانسیسی کابینہ [illegible] طلب کیا - اور اس امر کے متعلق اظہار خیال کیا کہ کانفرنس میں فرانس کا خاص کام کیا ہے -

دیوان عام میں حادثہ

لنڈن - ۶ راپریل - سر جارج ٹیگر دیوان عام میں سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے پھسل پڑے اور ان کا سر زور سے ایک دیوار کے ساتھ ٹکرایا - جس سے وہ بے ہوش ہو گئے - انھیں زخمیوں کی گاڑی میں لٹا کر ان کے گھر پہنچا دیا گیا -

وزارت میں تبدیلیاں

لنڈن - ۶ راپریل - مسٹر لائڈ جارج نے [illegible] کو کابینہ کا ممبر بننے کے لئے طلب کیا ہے - سر ولیم سدر لینڈ وائیکونٹ پیل کی جگہ علاقہ لین کاسٹر کے چانسلر مقرر ہوئے ہیں -

وائنا میں مظاہرہ

وائنا - ۶ راپریل - ایمپرر کارل سابق شاہ آسٹریا کے لئے دعا مانگنے کے بعد انارکسٹوں نے ایک زبردست مظاہرہ کیا -

ہجوم بڑے بازاروں میں قدیم قومی گیت گاتا ہوا گذرا - اور پارلیمنٹ ہوس تک گیا - جہاں صدر نے وفد کی یہ درخواست بعض مبعوثین کی مخالفت کے باعث منظور نہ کی کہ پرچم جھکا دیا جاوے -

ولائتی اخبارات کیلئے قانون

لنڈن ۶ راپریل - دیوان عام میں کپتان جی - ٹی رنیڈن نے دریافت کیا کہ اخبارات کے صفحہ پر مالک کا نام درج کریں - مسٹر لائڈ جارج نے کہا کہ اس تجویز [illegible] حالات میں صرف کمپنی کا نام ظاہر ہو گا - جو مطبوعہ غرض کے لئے مفید نہیں -